© rasailojaraid.com



اور ردّ مذہب شیعہ پر ایک کتاب "معرکہ آراء" لکھ کر کانپور سے پادشاہ وقت کی خدمت میں لاہور بھیجی ۔ میرزا امیر علی لاہوری نے مذکورہ کتاب کا جواب بنام "معرکہ شکن" لکھا آخر میں سنیّ مجتہدین اور محدثین کے بارے میں تین فصول کا اضافہ کیا ہے ۔ یہ کتاب ۱۲۳۹ ھ کے بعد تالیف ہوئی ۔

مخطوطہ نمبر ۲۳۳۰ : نستعلیق عنوانات سرخ ہیں ۔ پہلے صفحہ پر کتابخانۂ سید ابو جعفر کی مہر ثبت ہے ۔ ۲۳۸ اوراق ، ۲٦ سطور ۔ (بحوالہ ص ۲۵).

۵ ۔ **برہان بن حسن نتھر نگری بیجاپوری (تیرھویں صدی ھجری).**

**تزوک والا جاھی (تاریخ ۔ فارسی) .**

نواب کرناٹک آصف الدولہ والا جاہ محمد علی انور الدین بن ابو المظفر جلال الدین شاہ کے اجداد ، اُس کے عہد اور کرناٹک کی تاریخ ہے ۔ اس کا ایک حصہ ۱۲۰۰ ھ میں لکھا گیا ۔ (احمد منزوی : فہرست نسخۂ خطی فارسی ٦ : ۴٦۳۵ ، محمد اشرف ، فہرست مخطوطات فارسی سالار جنگ میوزیم و کتب خانہ ۱ : ۳۰۴).

مخطوطہ نمبر ۲۷۲٦ : نستعلیق ، ۱۱۹۸ ھ (گویا کتاب کا آخری حصہ مکمل ہونے سے دو سال پہلے کی کتابت ہے ۔ نسخہ کے شروع اور آخر میں "حسام اللہ خان بہادر مہر عدم تبدیل" اور نظام الدولہ حسام اللہ خان مذوی" کی مربع مہریں ثبت ہیں ۔ پہلے آٹھ صفحات منقش ہیں ۔ ۱٦۰ اوراق ، ۱٦ سطور ۔ (بحوالہ ص ۹۰ ۔ ۲۸۹) .

٦ ۔ **حزمیا (دسویں ۔ گیارھویں صدی ھجری).**

**منظومہ در لُغت (لُغت ۔ فارسی)**

"نصاب الصبیان" کی تقلید میں ترکی الفاظ کے قزلباش لہجہ کا منظوم فرہنگ ہے ۔ ناظم نے یہ کتاب محمد قلی قطب شاہ (۹۸۹ ـ ۱۰۲۰ ھ) کے نام پر تالیف کی ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مخطوطہ نمبر ۲۷۸۸ : نستعلیق ، مختصر حواشی موجود ہیں ۔ ناقص الاوّل ، ۳۴ اوراق (بحوالہ ص ۵۲ ۔ ۳۵۱).

۷۔ دلدار علی بن سید محمد معین لکھنوی (م ۱۲۳۵ ھ).

ذوالفقار (عقائد ۔ فارسی) .

اس کتاب کا تعارف ہمارے سابقہ مقالہ (ص ۹۸) میں ہو چکا ہے۔

مخطوطہ نمبر ۲۴۳۴ : نستعلیق ، علی رضوی ، ۷ جمادی الاول ۱۲۶۲ھ حکم میرزا محمد جعفر کے حکم پر کتابت ہوئی ۔ حاشیہ پر تصحیحات موجود ہیں ۔ ۹۵ اوراق ۔ ۱۷ سطور (بحوالہ ص ۴۴) .

۸ ۔ محمد رفیع الدین (سلطان محمد) بن محمد شمس الدین (تیرھویں صدی ھجری) .

ثمرات المکیہ (تصوف ۔ فارسی) .

سلسلہ قادریہ کے اصول تصوف اور اوراد و اعمال پر ہے ۔ مؤلف نے "آداب طریقہ رفاعیہ" ۱۲۱۳ ھ میں تحریر کئے تھے ۔

مخطوطہ نمبر ۲۴۲۷ : نستعلیق ، سید عبد القادر قادری ، ۱۹ شوال ۱۳۱۲ ھ . ۴۸ اوراق ۱۵ سطور . (بحوالہ ص ۲۳) .

۹ ۔ سجاد علی حیدر آبادی .

سفینۃ النجات فی طوفان المہلکات (عقائد ۔ فارسی) ۔

جب ہندوستان میں مذہبی معاملات پر آشوب برپا ہوا اور مسلمان ایک دوسرے کو غیر معقول باتوں پر قتل کرنے لگے تو مؤلف کو خیال گزرا کہ اپنی کتاب میں صحیح عقائد پیش کرکے حق اور حقیقت کو واضح کرے ۔ چنانچہ آیات کے استدلال کے ساتھ مذہب اہلسنّت کے بنیادی عقائد تین ابواب میں ترتیب دیئے ۔

(اسی نام سے مولوی محمد سعید اسلمی مدراسی (م ۱۲۷۲ ھ) کی بھی ایک کتاب موجود ہے ).

مخطوطہ نمبر ۲۶۷۲ : نستعلیق ، عنوانات سرخ ہیں ۔ حاشیہ پر

© rasailojaraid.com